www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education
Advanced Subsidiary Level and Advanced Level

**URDU** **8674/04**
**9686/04**

Paper 4 Texts

May/June 2005

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen on both sides of the paper.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose one question from Section 1, one from Section 2 and one other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are not permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
All questions in this paper carry equal marks.
You are advised to divide your time equally between your answers.
At the end of the examination, fasten all your work securely together.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے جواب اردو میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **7** printed pages and **1** blank page.

UNIVERSITY of CAMBRIDGE

## Section 1

**1** Muntakhab Ghazlein

## ۱۔ منتخب غزلیں

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

قتل کیے پر غصّہ کیا ہے؟ لاش مری اٹھوانے دو
جان سے ہم بھی جاتے رہے ہیں تم بھی آؤ جانے دو

اس کی گلی کی خاک سبھوں کے دامن دل کو کھینچے ہے
ایک اگر جی لے بھی گیا، تو آتے ہیں مر جانے دو

اب کے بہت ہے شور بہاراں مت ہم کو زنجیر کرو
دل کی ہوس ٹک ہم بھی نکالیں دھومیں ہم کو مچانے دو

عرصہ کتنا سارے جہاں کا، وحشت پر جو آجاویں
پانو تو ہم پھیلاویں، پر فرصت ہم کو پانے دو

بات بنانا مشکل ہے شعر سبھی یاں کہتے ہیں
فکرِ بلند سے یاروں کو ایک ایسی غزل کہہ لانے دو

ضعف بہت ہے میرؔ تمہیں کچھ اس کی گلی میں مت جاؤ
صبر کرو کچھ اور بھی صاحب طاقت جی میں آنے دو

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) اس غزل کے حوالے سے میرؔ کے اندازِ بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) مومنؔ کی شاعری نے اردو غزل کو ایک نیا رنگ دیا ہے۔ بحث کیجئے۔

[25]

**2** Intekhab - é - Urdu Shairi

اردو شاعری

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کرتے ہوئے غالبؔ کی شاعری کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا — اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

ترے وعدہ پر جیے ہم، تو یہ جان، جھوٹ جانا — کہ خوشی سے مر نہ جاتے، اگر اعتبار ہوتا

کوئی میرے دل سے پوچھے، ترے تیرِ نیم کش کو — یہ خلش کہاں سے ہوتی، جو جگر کے پار ہوتا

یہ کہاں کی دوستی ہے کہ بنے ہیں دوست، ناصح — کوئی چارہ ساز ہوتا، کوئی غم گسار ہوتا

غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے — غمِ عشق گر نہ ہوتا، غمِ روزگار ہوتا

کہوں کس سے میں کہ کیا ہے! شبِ غم بری بلا ہے — مجھے کیا برُا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا

ہوئے مر کے ہم جو رسوا، ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا — نہ کبھی جنازہ اٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا

یہ مسائلِ تصوّف، یہ ترا بیان، غالب! — تجھے ہم ولی سمجھتے، جو نہ بادہ خوار ہوتا

یا

(ب) نظم ''وطن'' کے حوالے سے فیضؔ کی شاعری پر تبصرہ کیجئے۔ [25]

**3** Muntakhab Nazmein

منتخب نظمیں

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اورسوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

تاج تیرے لیے اک مظہر الفت ہی سہی
تجھ کو اس وادیٔ رنگیں سے عقیدت ہی سہی
میری محبوب کہیں اور ملا کر مجھ سے
بزم شاہی میں غریبوں کا گزر کیا معنی
ثبت جس راہ میں ہوں سطوت شاہی کے نشاں
اُس پہ الفت بھری روحوں کا سفر کیا معنی
یہ چمن زار یہ جمنا کا کنارہ، یہ محل
یہ منقش در و دیوار، یہ محراب، یہ طاق
اک شہنشاہ نے دولت کا سہارا لے کر
ہم غریبوں کی محبت کا اڑایا ہے مذاق
میری محبوب! کہیں اور ملا کر مجھ سے

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) اس نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

یا

(ب) نظیر اکبرآبادی خواص کے نہیں عوام کے شاعر تھے۔ ان کی شاعری کے حوالے سے اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

[25]

**4** Bangé - Dara

بانگِ درا

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف) اقبالؔ کی نظم ''جوابِ شکوہ'' کے درج ذیل اشعار کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے اس طرح کیجیے کہ ان کا مفہوم پوری طرح واضح ہو جائے۔

آئی آواز غم انگیز ہے افسانہ ترا    اشکِ بیتاب سے لبریز ہے پیمانہ ترا
آسماں گیر ہوا نعرۂ مستانہ ترا    کس قدر شوخ زباں ہے دل دیوانہ ترا!

شکر شکوے کو کیا حسنِ ادا سے تو نے
ہم سخن کر دیا بندوں کو خدا سے تو نے

ہم تو مائل بہ کرم ہیں، کوئی سائل ہی نہیں    راہ دکھلائیں کسے؟ رہروِ منزل ہی نہیں
تربیت عام تو ہے، جوہرِ قابل ہی نہیں    جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ وہ گِل ہی نہیں

کوئی قابل ہو تو ہم شانِ کئی دیتے ہیں
ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

یا

(ب) اقبالؔ سے جدید شاعری کی ایک نئی تاریخ شروع ہوتی ہے۔ بحث کیجیے۔ [25]

www.PapaCambridge.com

**Section 2**

**5** Mirza Ruswa, *Umrao Jaan Ada*

۵۔ مرزا رسوا ۔امراؤجان ادا

(الف) ''امیرن'' امراؤجان ادا بننے کے بعد بھی فطرتاً ''امیرن'' ہی رہی۔تبصرہ کیجئے۔

یا

(ب) ''امراؤجان ادا'' کے مقابلے میں ''بسم اللہ'' کا کردار حقیقت سے زیادہ قریب نظر آتا ہے۔تبصرہ کیجئے۔

[25]

**6** Nazir Ahmad, *Miratul-Uroos*

٦۔ نذیر احمد۔مراۃ العروس

(الف) ''مراۃ العروس'' کی کہانی حقیقی دنیا کی عکاسی نہیں کرتی۔اس بارے میں اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔

یا

(ب) ''مراۃ العروس'' میں خواتین کے کردار مردانہ کرداروں سے زیادہ جاندار نظر آتے ہیں۔تبصرہ کیجیے۔ [25]

www.PapaCambridge.com

**7** Imtiaz Ali Taj, *Anar Kali*

تاج ۔انارکلی

(الف) " انارکلی " کی معصومیت صرف ایک دکھاوا تھا۔اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔

یا

(ب) " دلآرام کا کردار تصنّع سے پاک ہے"۔اس بیان پر تفصیلی تبصرہ کیجیے۔ [25]

**8** *Urdu Ké Tera Afsané*

۸۔ اردو کے تیرہ افسانے

(الف) ہمارے معاشرے کے غلط رسوم ورواج " راحت " جیسے کردار کی تخلیق کا باعث ہیں۔افسانہ" چوتھی کا جوڑا "کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) " ٹوبہ ٹیک سنگھ " تقسیم کے خلاف نہیں بلکہ اس کے طریقۂ کار کے خلاف لکھا گیا ہے۔افسانے کی روشنی میں اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔ [25]

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Questions 1–4 Dr Saleem Akhtar; *Naiya Urdu Nisab A-Level;* © Sang-e-Meel Publications

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of